D | L.K.No. 103 | Paper Code No. 7027 | اُردو (لازمی)

(SSC-A-2020) | نیو کورس | پرچہ : II (معروضی طرز)

SSC ( Part - II ) | گروپ فرسٹ | وقت : 20 منٹ

Session ( 2015 - 17 ) to ( 2018 - 20 ) | نمبرات : 15

BWP-10-G1-20

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C, D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

(1) نام دیو مالی ذات کا تھا : (A) جولاہا (B) میراثی (C) جاٹ (D) ڈھیڑ

(2) پروگرام " دانش کدہ " میں کتنے دانشور بلائے جاتے تھے : (A) 3 (B) 4 (C) 2 (D) 7

(3) چغل خور نے کیا بتایا کہ کوڑھی کا جسم ہوتا ہے : (A) میٹھا (B) نمکین (C) کڑوا (D) کھٹا

(4) سیدانی بی کو کھانے میں مرغوب تھا : (A) بریانی (B) فیرنی (C) بونٹ پلاؤ (D) زردہ

(5) سجاد حیدر یلدرم نے کس دوست کو بھڑبھڑیا دوست کہا ہے : (A) احمد مرزا (B) محمد تحسین (C) مقدمے باز دوست (D) قرض خواہ دوست

(6) باغ کے داروغہ کون تھے : (A) مولوی عبدالحق (B) سید سراج الحسن (C) ایوب عباسی (D) عبدالرحیم فینسی

(7) مرزا غالب کو تفتہ کا خط کہاں سے آتا تھا : (A) کلکتہ (B) کول (C) آگرہ (D) سکندر آباد

(8) سبق " طمع " کے ماخذ کا نام کیا ہے : (A) سب افسانے میرے (B) وہ لوگ (C) چوری چھپے (D) ہائے اللہ

(9) انتہا تک پہنچنے کی شرط کیا ہے : (A) ابتدا کرنا (B) جہدِ مسلسل (C) ایثار کرنا (D) چاہت اور محنت

(10) درست تلفظ کی نشاندہی کیجئے : (A) مِشَّغِلَه (B) مِشُغِلَه (C) مَشُغَلَه (D) مُشُغِلَه

(11) کلمہ کی کتنی قسمیں ہیں : (A) 2 (B) 3 (C) 6 (D) 5

(12) شاعر کے پیشِ نظر نظم " مال گودام روڈ " لکھنے کا مقصد ہے : (A) مزاح (B) تنقید برائے تنقید (C) مبالغہ آرائی (D) طنز برائے اصلاح

(13) گرائمر کی رُو سے اسم جامد ہے : (A) چٹائی (B) لڑائی (C) پٹائی (D) پڑھائی

(14) " لکھنے والا " گرائمر کی رُو سے ہے : (A) اسم مفعول (B) اسم حالیہ (C) حاصل مصدر (D) اسم فاعل قیاسی

(15) درست تلفظ کی نشاندہی کیجئے : (A) اِمَرَا (B) اُمَرَا (C) اُمِرَا (D) اَمِرَا

B

---------☆☆☆☆☆---------

BWP-10-G1-20

| SSC ( Part - II ) | سیشن ( 2015 - 17) to ( 2018 - 20 ) | 103 - 5100 | رول نمبر |
|---|---|---|---|
| نیوکورس / گروپ فرسٹ | وقت 2:10 گھنٹے کل نمبر : 60 | SSC-A-2020 | اُردو لازمی (انشائیہ) |

حصہ اول

﴿ ہدایات ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجیے۔ ☆

سوال نمبر 2 درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) **حصہ نظم** 2x5=(10)

(الف) اُسی نے ایک حرفِ کُن سے پیدا کردیا عالم — کشاکش کی صدائے ہاؤ ہُو سے بھر دیا عالم

(ب) ہے کوئی ، ہنگامہ تیری تربت خاموش میں — پل رہی ہے ایک قومِ تازہ اس آغوش میں

(ج) سمجھ لیا تھا جسے جانور سواری کا — وہ اونٹ بوجھ اُٹھائے گا ذمہ داری کا

(د) مینہ برس جائے تو چل سکتی ہیں اس پر کشتیاں — ڈوب جانے کا بھی ہوجاتا ہے اکثر احتمال

حصہ غزل

(الف) کاروبار جہاں سنورتے ہیں — ہوش جب بے خودی سے ملتا ہے

(ب) بات یہ ہے کہ سکونِ دل وحشی کا مقام — کنجِ زنداں بھی نہیں وُسعتِ صحرا بھی نہیں

(ج) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے — یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

حصہ دوم

سوال نمبر 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 5+5 = (10)

(الف) پرسوں وہ رحلت فرما گئے اور اُن کے سینکڑوں دوستوں اور قدردانوں کو اس سانحۂ ارتحال کی خبر تک نہ ہوئی۔ افسوس ! اتنا بڑا صاحب کمال ہم میں سے اُٹھ جائے اور اس کی سنائونی ہم تک نہ پہنچے۔ کتنے بے خبر ہیں ہم لوگ ! زندہ قوموں کا یہ شِعار نہیں ہوتا کہ اپنے اہل کمال سے غافل ہوجائیں۔ ایسی غفلت مجرمانہ ہوتی ہے۔

(ب) نہ کاغذ ہے ، نہ ٹکٹ ہے ، اگلے لفافوں میں سے ایک بیرنگ لفافہ پڑا ہے۔ کتاب میں سے یہ کاغذ پھاڑ کر تم کو خط لکھتا ہوں اور بیرنگ لفافے میں لپیٹ کر بھیجتا ہوں۔ غمگین نہ ہونا۔ کل شام کو کچھ فتوح کہیں سے پہنچ گئی ہے ، آج کاغذ اور ٹکٹ منگا لوں گا۔ سہ شنبہ 8 نومبر صبح کا وقت ہے ، جس کو عوام بڑی فجر کہتے ہیں۔ پرسوں تمہارا خط آیا تھا ، آج جی چاہا کہ ابھی تم کو خط لکھوں۔ اس واسطے یہ چند سطریں لکھیں۔

سوال نمبر 4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 2x5=(10)

(i) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟ (ii) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لُبِ لُباب کیا تھا؟

(iii) لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی اس کا ماحول کیسا تھا؟ (iv) اورنگ آباد میں باغ لگانے کا کام کس کو تفویض ہوا اور کس نے تفویض کیا؟

(v) دہشت گردی سے معاشرتی زندگی کس طرح متاثر ہوتی ہے؟ (vi) شاعر اونٹ کے بیاہ کی تصویر کیوں منگوا رہا ہے؟

(vii) نظم میں شاعر نے " نیا گل کھلانے " کا ذکر کرکے کس طرف اشارہ کیا ہے؟

(viii) شاعر کے نزدیک حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا پیغام کیا ہے؟

سوال نمبر 5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (الف) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ب) نام دیو مالی (5)

سوال نمبر 6 کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ (الف) سائنس کے کرشمے (ب) چڑیا گھر کی سیر (ج) علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ (15)

سوال نمبر 7 درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

ملکہ کی اس دلدوز اور ولولہ انگیز تقریر سے سب امیروں اور وزیروں کی رگِ حمیت بیدار ہوگئی اور سب نے تہیہ کرلیا کہ وطن کی حفاظت میں اپنے خون کا ایک ایک قطرہ نثار کردیں گے۔ شاہی فوج کی آمد کی خبریں برابر احمد نگر پہنچ رہی تھیں۔ چاند بی بی نے فوج کی ترتیب و تنظیم کا سارا اہتمام اپنے ہاتھ میں لیا اور سارے انتظام مکمل کر کے دشمن کی آمد کا انتظار کرنے لگی۔ بالآخر شاہی فوج آئی ، احمد نگر پر حملہ کیا۔ لیکن احمد نگر والوں نے شاہی فوج کا مقابلہ اتنی ہمت اور دلیری سے کیا کہ اس کے دانت کھٹے ہوگئے۔

(i) ملکہ کی تقریر نے کیا اثر پیدا کیا؟ (ii) چاند بی بی نے احمد نگر کو بچانے کے لئے کیا تدابیر اختیار کیں؟

(iii) شاہی فوج کے حملے کا کیا انجام ہوا ؟ (iv) شاہی فوج کی آمد کی خبریں کہاں پہنچ رہی تھیں؟

(v) اس عبارت کا موزوں عنوان تحریر کیجیے۔

---------☆☆☆☆☆☆---------

D | L.K.No. 104 | Paper Code No. 7028 | اردو (لازمی)

(SSC-A-2020) | نیو کورس | پرچہ : II (معروضی طرز)

SSC ( Part - II ) | گروپ سیکنڈ | وقت : 20 منٹ

Session ( 2015 - 17 ) to ( 2018 - 20) | نمبرات : 15

BWP-10-92-20

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C, D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر1 محمود نظامی کے مقالے کے بعد تہذیبوں کے موضوع پر کس نے بحث میں حصہ لیا :

(1) (A) ڈاکٹر تاثیر (B) پطرس بخاری (C) فیض احمد فیض (D) حمید احمد خاں

(2) ریل گاڑی کے ذریعے جانے والی لڑکی کے سفر کا مقصد تھا :
(A) بیمار چچا کی عیادت (B) چھٹیاں گزارنا (C) سیر سپاٹا (D) خالہ زاد بہن کی شادی میں شرکت

(3) 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد توجہ تیز ہوگئی :
(A) غزلوں کی طرف (B) نظموں کی طرف (C) مرثیے کی طرف (D) شہر آشوب کی طرف

(4) مسلم لیگ کس نے قائم کی : (A) سر سید احمد خاں (B) نواب محسن الملک (C) قائداعظم (D) نواب وقار الملک

(5) گدلا پانی پودوں کے لئے تھا : (A) ضرررساں (B) بے سود (C) مفید (D) آبِ حیات

(6) نہنگوں پر گرمی کا کیا اثر تھا : (A) پسینے چھوٹ رہے تھے (B) بے ہوش تھے (C) جاں لبوں پر تھی (D) ہانپ رہے تھے

(7) رشید احمد صدیقی نے اپنے خط بنام ڈاکٹر محمد حسن میں کس خوشخبری کا ذکر کیا ہے :
(A) غالب ایوارڈ ملنے کی (B) تصنیف پر نقد انعام کی (C) محکمانہ ترقی ملنے کی (D) ساہتیہ اکادمی کے اعزاز کی

(8) استنبول کو کس کا گھر کہا جاتا ہے : (A) عجائب گھروں کا (B) مسجدوں کا (C) کتب خانوں کا (D) مقبروں کا

(9) پاکستان کے کس مزاحیہ شاعر کو بھارت میں بھی شہرت حاصل تھی :
(A) دلاور فگار (B) مرزا محمود سرحدی (C) ضمیر جعفری (D) انور مسعود

(10) " میں نہ لکھوں " قواعد کی رُو سے ہے : (A) فعل مضارع (B) فعل امر (C) فعل نہی (D) فعل مجہول

(11) لفظ " استقبال " کا درست تلفظ ہے : (A) اِسْتَقْبَالُ (B) اَسْتَقْبَالُ (C) اِسْتِقْبَالُ (D) اُسْتِقبَالُ

(12) " جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور " میں " کڑی دھوپ " سے مراد ہے :
(A) سورج کی حدت (B) زمانے کے مصائب (C) محبوب کی بے رُخی (D) عام دُکھ اور بیماری

(13) معطوف الیہ ، معطوف اور حرف عطف سے مل کر بننے والا مرکب کہلاتا ہے :
(A) مرکب عطفی (B) مرکب اضافی (C) مرکب جاری (D) مرکب توصیفی

(14) لفظ " مصدر" کے درست اعراب ہیں : (A) مُصْدِرُ (B) مِصْدَرُ (C) مَصْدَرُ (D) مَصَدَرُ

(15) اسم معرفہ کی درست فہرست ہے :
(A) آلو ، بخارا ، سبزی (B) آلو بخارا ، پھل ، مٹر (C) کتاب ، شہر ، آدمی (D) بانگِ درا ، لاہور ، محمود

---------☆☆☆☆☆---------

BWP-10-92-20

| | | | |
|---|---|---|---|
| رول نمبر | 104 - 43000 | سیشن (2015 - 17) to (2018 - 20) | SSC ( Part - II ) |
| اُردو لازمی (انشائیہ) | SSC-A-2020 | وقت 2 : 10 گھنٹے کل نمبر : 60 | نیوکورس / گروپ سیکنڈ |

حصہ اول

﴾ ہدایات ﴿ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجئے۔ ☆

سوال نمبر2 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجئے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) **حصہ نظم** (10)=2x5

(الف) نظامِ آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے — بہار جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

(ب) اپنے صحرا میں بہت آہو ابھی پوشیدہ ہیں — بجلیاں برسے ہوئے بادل میں بھی خوابیدہ ہیں !

(ج) سب محنت کش گلے ملے اور اُبھرا اک پیغام — اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

(د) لاریاں پٹرول کی دیکھو گے اس پر صبح و شام — ورنہ انساں تو نظر آتا ہے اس پر خال خال

**حصہ غزل**

(الف) رتبہ رُتبہ دانِ محبت کی حالت — رترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

(ب) ہم اُسے منہ سے بُرا تو نہیں کہتے کہ فراق — دوست تیرا ہے، مگر آدمی اچھا بھی نہیں

(ج) نازک تھے کہیں رنگِ گُل و بُوئے سمن سے — جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں

**حصہ دوم**

سوال نمبر3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجئے۔ (10) = 5+5

(الف) باغوں میں رہتے رہتے اُسے جڑی بوٹیوں کی بھی شناخت ہوگئی تھی۔ خاص کر بچوں کے علاج میں اُسے بڑی مہارت تھی۔ دُور دُور سے لوگ اس کے پاس بچوں کے علاج کے لئے آتے تھے۔ وہ اپنے باغ ہی میں سے جڑی بوٹیاں لاکر بڑی شفقت اور غور سے اُن کا علاج کرتا۔ کبھی کبھی دوسرے گاؤں والے بھی اُسے علاج کے لئے بُلا لے جاتے۔ بلا تامل چلا جاتا۔ مفت علاج کرتا اور کبھی کسی سے کچھ نہیں لیتا تھا۔

(ب) جھنگ پہنچ کر میں اسے ایک رات اپنے ہاں رکھتا ہوں۔ دوسری صبح اپنے ایک نہایت قابل اور فرض شناس مجسٹریٹ کپتان مہابت خان کے سپرد کردیتا ہوں۔ کپتان مہابت خان، علی بخش کو ایک نہایت مقدس تابوت کی طرح عقیدت سے چھو کر اپنے سینے سے لگالیتا ہے اور اعلان کرتا ہے کہ وہ علی بخش کو آج ہی اپنے ساتھ لائل پور لے جائے گا اور اس کی زمین کا قبضہ دلا کر ہی واپس لوٹے گا۔

سوال نمبر4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ (10)=2x5

(i) مرزا صاحب کی کن دو قومی شخصیات سے عزیزداری تھی؟ (ii) تحریک خلافت کیوں شروع کی گئی؟

(iii) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟ (iv) علی بخش کو اس کی خدمات کے سلسلے میں حکومت نے کیا عطا کیا؟

(v) علم کی طاقت سے کس طرح بندوق کو شکست دی جاسکتی ہے؟ (vi) کون سی قوتیں کسان سے سرنگوں رہتی ہیں؟

(vii) میرانیس نے درخت کے جلنے کو کس چیز سے تشبیہ دی ہے؟ (viii) غزل کے مطلع میں شاعرہ کس بات پر نازاں ہے؟

سوال نمبر5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (الف) نظریۂ پاکستان (ب) چغل خور (5)

سوال نمبر6 کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ (الف) قومی اتحاد (ب) چائے کی ایک دعوت (ج) محنت کی برکتیں (15)

سوال نمبر7 درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ (10)

اسلام نے لفظ " قوم " کے معنی بدل دیئے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے لیکن اسلام نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کردیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ تعالیٰ کی توحید اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

(i) اسلام نے لفظ " قوم " کو کتنی وسعت دی ہے؟ (ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

(iii) اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہوگا؟

(iv) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟ (v) اس عبارت کا عنوان لکھیے۔

☆☆☆☆☆